Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

11 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کا اہم ترین اجلاس
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کو دورانِ قید مسلسل انتقام اور بد سلوکی کا نشانہ بنانے کی مذمت
- چیئرمین تحریک انصاف کو خلافِ قواعد اٹک جیل میں قید کرنے کی بھی شدید مذمت
- چیئرمین عمران خان کیخلاف جاری انتقامی سلسلے پر عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا ہے
- چاہتے ہیں کہ چیئرمین عمران خان کو فراہمیٔ انصاف میں تاخیر کے ذریعے قوم کو احتجاج پر نہ ابھارا جائے
- چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کی درخواستِ ضمانت فوری سماعت کیلئے مقرر کرنے کا مطالبہ
- روزانہ کی بنیاد پر سماعت کرکے مکمل کئے گئے ٹرائل کے بعد درخواستِ ضمانت پر سماعت میں بلاجواز تاخیر نظامِ عدل پر ایک سوالیہ نشان ہے
- چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کو فوری طور پر اٹک سے اڈیالہ جیل منتقل کرنے کا مطالبہ
- چیئرمین تحریک انصاف کی صحت و سلامتی اور ان کی جان کو لاحق خطرات کے پیشِ نظر انہیں گھر سے کھانا اور پانی منگوانے کی فوری اجازت کا بھی مطالبہ
- پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے چودہ اگست کو بھرپور یومِ آزادی منانے کی تیاریوں کا جائزہ
- پاکستان تحریک انصاف کو یومِ آزادی منانے سے روکنے کی حکومتی کوششوں کی شدید مذمت

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- یومِ آزادی کی تیاریوں میں مصروف تحریک انصاف کے کارکنان اور قائدین کی پکڑ دھکڑ اور چھاپوں کی بھی شدید مذمت
- ملک بھر میں تحریک انصاف کے جھنڈوں کی نمائش و فروخت پر غیر قانونی اور غیر اعلانیہ بندش پر بھی شدید ردعمل کا اظہار
- کارکنوں کو شر پسند عناصر کے مذموم عزائم پر نگاہ رکھتے ہوئے نہایت پر امن اور شاندار طریقے سے یومِ آزادی منانے کی ہدایت
- کور کمیٹی کی جانب سے ملک میں دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر گہری تشویش کا اظہار
- پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو کچلنے اور معاشرے میں تشدد اور فسطائیت کے فروغ کی بجائے ریاستی مشینری کو دہشتگردی کے انسداد پر توجہ مرکوز کرنے کا پیغام
- پاکستان نے اسی ہزار سے زائد قیمتی جانوں اور اربوں ڈالرز کے مالی نقصان کے بعد امن حاصل کیا
- نہایت مشکل سے حاصل کئے گئے امن کو ضائع کرنے اور پاکستان کو دوبارہ سے بدامنی کی آگ میں جھونکنے کی کوششوں کا تدارک ریاست کا بنیادی فریضہ ہے
- اجلاس میں "سپریم کورٹ ریویو آف ججمنٹ ایکٹ" پر عدالتِ عظمی کے فیصلے کے خدوخال کا بھی جائزہ
- سپریم کورٹ کا فیصلہ آئینی اسکیم بدلنے اور ریاستی نظم میں بگاڑ کرنے کی کوششوں کے خلاف ایک موثر قدم ہے
- کرپشن اور ملک و قوم سے کھلواڑ کے ذمہ داروں کو قانون کی پناہ مہیا کرنے والی سوچ کو شکست ہوئی ہے
- عدالت سے سزا یافتہ بھگوڑے نواز شریف کا ملکی سیاست میں کوئی مستقبل نہیں

- سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد عوام کو ووٹ کے حق سے محروم کئے جانے کی کوششوں کو شدید دھچکا پہنچا ہے
- عدالت عظمیٰ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کے اپنے فیصلے کے ساتھ کئے جانے والے سلوک کی روشنی میں قومی انتخابات کو سازش و التواء کا شکار کرنے کی کوششوں کا بھی فوری نوٹس لے
- عوام کے حقِ رائے دہی کو ریاستی سطح پر سلب کئے جانے کی بجائے انتخابات کے شفاف اور بروقت انعقاد کا اہتمام کیا جائے
- معزز عدالت نیب قانون میں ترامیم اور اس کی امتیازی حیثیت پر زیرِ سماعت درخواستوں پر بھی جلد فیصلہ صادر کرے

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ